**THE STATE EDUCATION DEPARTMENT** / THE UNIVERSITY OF THE STATE OF NEW YORK / ALBANY, NY 12234

Angelica Infante-Green, Associate Commissioner
Office of Bilingual Education and World Languages

55 Hanson Place, Room 594
Brooklyn, New York 11217
Tel: (718) 722-2445 / Fax: (718) 722-2459

89 Washington Avenue, Room 528EB
Albany, New York 12234
(518) 474-8775/ Fax: (518) 474-7948

# والدین کے حقوق کا بل
# برائے نیو یارک ریاست کے انگریزی زبان کے متعلمین

نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم [The New York State Education Department] (NYSED) کمشنر ریگولیشنز جز 154 آپ – انگریزی زبان کے متعلمین [English Language Learners] (ELLs) کے والدین/سرپرستوں کو درج ذیل حقوق فراہم کرتا ہے:

1. آپ کے بچے کے لئے یہ حق کہ وہ اس اسکولی ضلع میں مفت سرکاری تعلیم حاصل کرے جہاں آپ کی رہائش ہے، آپ اور آپ کے بچے کی مہاجرتی حیثیت سے قطع نظر (مثال کے طور پر آیا آپ کے کنبہ کے اراکین شہری، مہاجر یا دستاویز میں غیر مذکور ہیں) اور قطع نظر اس زبان کے جو آپ ور آپ کے بچے بولتے ہیں۔
2. اپنے بچوں کو اسکول میں داخلہ دلانے کا حق یہ پوچھے بغیر کہ آپ ایسی معلومات یا کاغذی دستاویز فراہم کریں جو آپ یا آپ کے بچے کی مہاجرتی حیثیت کو ظاہر کر سکتے ہیں۔ آپ سے کوئی سوشل سیکورٹی کارڈ یا نمبر، امیگریشن ویزا یا ویزا کی حالت، یا شہریت سے متعلق دستاویزات یا شہریت کی حالت فراہم کرنے کی درخواست نہیں کی جا سکتی ہے۔
3. وفاقی قانون کے تحت یہ حق کہ اسکولی ضلع کے ساتھ اہم بات چیت کے لئے آپ کے پاس اپنی پسندیدہ زبان میں کوئی سند یافتہ ترجمان/ مترجم موجود ہو۔
4. اس بات کا حق کہ آپ اپنے بچوں کو دو لسانی [Bilingual Education] (BE) پروگرام میں رکھیں جبکہ 20 یا اس سے زائد گریڈ سطح کے ایسے طلبہ موجود ہوں جو وہی گھریلو/ پہلی زبان بولتے ہوں۔[1]
5. انگریزی اور اپنی پسندیدہ زبان میں تحریری نوٹس کا حق کہ آپ کے بچوں کی بطور ELLs کے شناخت کر لی گئی ہے اور انہیں ایک دو لسانی تعلیمی یا انگریزی بطور ایک نئی زبان [English as a New Language] کے (جسے پہلے انگریزی بحیثیت ثانوی زبان کہا جاتا تھا) پروگرام میں رکھا جائے گا۔[2]
6. ایک اعلی معیاری واقفیتی اجلاس کا حق جو کہ آپ کا اسکولی ضلع فراہم کرے گا، جو کہ ریاست کے معیاروں، امتحانات، اور ELLs کے لئے اسکول کی توقعات، نیز دو لسانی تعلیم اور انگریزی بحیثیت ایک نئی زبان پروگرام کے اہداف اور تقاضوں پر مرکوز ہوگا۔ ضروری ہے کہ واقفیتی اجلاس اسکول پروگرام میں حتمی بھرتی سے قبل ہو اور اسے لازما آپ کی پسندیدہ زبان میں ہونا چاہئے۔
7. اپنے بچوں کی انگریزی زبان میں ترقی سے متعلق نیز ان کی گھریلو زبان میں ترقی سے متعلق معلومات حاصل کرنے کا حق اگر وہ لوگ کسی دو لسانی تعلیمی پروگرام میں ہیں۔

---

[1] نیو یارک ریاست میں، اسپائرا رضامندی حکمنامہ کے مطابق، ایک BE پروگرام K-8 گریڈس میں ضروری ہے اگر 15 یا اس سے زائد گریڈ سطح کے طلبہ وہی زبان دو آس پاس کے گریڈس میں بولتے ہوں۔ اگر کسی اسکول میں اہل طلبہ کی کافی تعداد موجود نہیں ہے لیکن اس کے ضلع کے اندر ہے تو ضلع کو لازماً BE پروگرام فراہم کرنا چاہئے۔

[2] تمام ELLs اپنی انگریزی زبان کی مہارتوں کو" انگریزی بطور ایک نئی زبان "کے کورسوں کے ذریعہ فروغ دیتے ہیں۔ علاوہ ازیں، وہ لوگ جو دو لسانی تعلیمی پروگرام میں ہیں وہ بھی گھریلو زبان آرٹ کو منتخب کرتے ہیں۔ بنیادی مضامین والے کورسیز) یعنی ریاضی، سائنس، اور سوشل اسٹڈیز ( ایک دو لسانی تعلیمی پروگرام میں انگریزی اور اپنی گھریلو زبان *دونوں* میں فراہم کئے جاتے ہیں۔ وہ لوگ جو کسی دو لسانی تعلیمی پروگرام میں نہیں ہیں وہ *انگریزی میں* بنیادی مضامین والے کورسیز لیتے ہیں۔

**THE STATE EDUCATION DEPARTMENT** / THE UNIVERSITY OF THE STATE OF NEW YORK / ALBANY, NY 12234

Angelica Infante-Green, Associate Commissioner
Office of Bilingual Education and World Languages

55 Hanson Place, Room 594
Brooklyn, New York 11217
Tel: (718) 722-2445 / Fax: (718) 722-2459

89 Washington Avenue, Room 528EB
Albany, New York 12234
(518) 474-8775/ Fax: (518) 474-7948

8. سال میں کم از کم ایک بار اسکول اسٹاف کے ساتھ ملاقات کا حق، عام طور پر ضروری میٹنگوں کے علاوہ، تاکہ اپنے بچے کی مجموعی آموزش اور زبان کی ترقی کی پیش رفت پر بات چیت کر سکیں۔

9. اندراج کے بعد 10 دنوں کے اندر آپ کے بچوں کا ایک دو لسانی یا انگریزی بطور ایک نئی زبان کے پروگرام میں رکھے جانے کا حق، نیز کسی دو لسانی تعلیمی پروگرام سے باہر رهنے کے فیصلہ کا حق۔ کم از کم آپ کے بچوں کو لازماً انگریزی بطور ایک نئی زبان کی تدریس کے طور پر حاصل کرنا۔

10. آپ کے اپنے ضلع میں دوسرے اسکول میں اپنے بچوں کو منتقل کرنے کا حق جو کہ آپ کی زبان میں دو لسانی تعلیم فراہم کرتا ہو، بشرطیکہ آپ کے بچوں کا اصل اسکول اس طرح کا کوئی پروگرام پیش نہ کرتا ہو۔

11. آپ کے بچوں کے لئے اسکولی ضلع کے ذریعہ فراہم کردہ تمام پروگرام اور خدمات تک مساوی رسائی کا حق، جو کہ عمر اور گریڈ سطح کے لحاظ سے ہو بشمول ان کے جو گریجویشن کے لئے ضروری ہو، اور تمام اسکولی پروگراموں تک رسائی کا حق جو دیگر طلبہ کے لئے دستیاب ہو۔

12. آپ کے بچوں کے لئے تمام بنیادی مضامین کا درس حاصل کرنے، اور انگریزی اور دیگر مضامین، جیسے ریڈنگ/ زبان سے متعلق فنون، ریاضی، سائنس، اور سوشل اسٹڈیز دیگر تمام دوسرے بچوں کی ہی تعلیمی سطح سے سیکھنا۔ ELL خدمات کا استحقاق بنیادی مضامین کا درس حاصل کرنے کی صلاحیت کو محدود نہیں کرتا ہے۔

13. اپنے بچوں کے لئے غیر درسی سرگرمیوں (بعد از اسکول کلبس، کھیل کود وغیرہ) تک مکمل رسائی حاصل کرنے کا حق۔ELL خدمات کا استحقاق غیر درسی سرگرمیوں میں حصہ لینے کی صلاحیت کو محدود نہیں کرتا ہے۔

14. اپنے بچوں کے لئے اعانتی خدمات (مثال کے طور پر تعلیمی مداخلت کی خدمات) حاصل کرنے کا حق جو کہ ایسے مداخلتی منصوبوں سے ہم آہنگ ہو جو کہ اسکول / ضلع تمام طلبہ کو فراہم کرتا ہے۔

15. انگریزی زبان میں اپنے بچوں کی پیش رفت دیکھنے کے لئے ان کی سالانہ جانچ کرانے کا حق اور تعلیمی امتحانات، بشمول نیو یارک ریاست کے امتحانات، میں اپنے بچوں کی کارکردگی سے متعلق معلومات حاصل کرنے کا حق۔

16. اس بات کا حق کہ جب تک آپ کے بچے ELLs باقی رہیں انہیں سال بہ سال مسلسل کسی دو لسانی تعلیم یا انگریزی بطور ایک نئی زبان کے پروگرام میں اندراج حاصل رہے۔

17. نیو یارک ریاست محکمۂ تعلیم کے دفتر برائے دو لسانی تعلیم اور عالمی لغات سے رابطہ کرنے کا حق اگر مذکورہ بالا کسی بھی حقوق کی خلاف ورزی کا ارتکاب کیا گیا ہے۔ براہ کرم 718-722-2445 پر کال کریں یا ہمیں OBEFLS@nysed.gov پر ای میل کریں۔ www.p12.nysed.gov/biling ملاحظہ کریں، یا ذیل کے پتہ پر لکھیں:

New York State Education Department
Office of Bilingual Education & World Languages
55 Hanson Place, Room 594
Brooklyn, NY 11217